[Urdu]

اکتوبر 2018

گریڈ 4 تا 12 کے طلباء کے محترم والدین/سرپرست حضرات،

پیل ڈسٹرکٹ سکول بورڈ میں، ہم انتہائي بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں تاکہ *سبھی* طلباء انفرادی عمدگی حاصل کرسکیں۔ ایسا کرنے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ ہم طلباء اور ان کے خاندانوں کی ضروریات کو درست طور پر سمجھیں۔ اس کام میں مدد کے لیے، ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہے کہ اگلے مہینے ہم پہلی بار *طلباء کی مردم شماری* کریں گے۔

19 تا 30 نومبر، 2018 کے دوران گریڈ 4 تا 12 کے طلباء کو کلاس میں *طلباء کی مردم شماری* مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ سوالناموں کو مکمل کرنے میں کلاس کا تقریباً ایک پیریڈ لگے گا، اور اس میں ایسے سوالات شامل ہوں گے جن میں طلباء سے ان کے اور اسکول میں اور اسکول سے باہر ان کے تجربات کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ کنڈرگارٹن تا گریڈ 3 کے طلباء کے والدین/سرپرستوں کو اپنے بچے (بچوں) کی جانب سے پُر کرنے کے لیے ایک سوالنامہ موصول ہو گا۔

مردم شماری کے نتائج سے بورڈ اور ہمارے سکولوں کو درج ذیل امور میں مدد ملے گی:

- طلباء کی آبادی اور سکول کمیونیٹیز کو بہتر طور پر سمجھنے میں
- طلباء کی کامیابی، شمولیت اور فلاح و بہبود کی رکاوٹوں کی شناخت کرنے اور انہیں ہٹانے میں
- مؤثر پروگرامز تیار کرنے اور وسائل کو ان مقامات پر منتقل کرنے میں جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے

طلباء کی مردم شماری رازدارانہ ہے، لیکن گمنام نہیں۔ تمام اکٹھا کردہ جوابات کو ایک محفوظ، رازدارانہ ڈیٹا بیس میں رکھا جائے گا اور پیل کے طلباء کے درمیان رجحانات کو سمجھنے اور اس کا خلاصہ تیار کرنے کے لیے صرف مجاز تحقیقی عملہ کے ذریعہ ہی اس تک رسائی کی جائے گی۔ طلباء کے انفرادی سوالناموں کا تجزیہ نہیں کیا جائے گا۔ پیل بورڈ طلباء کے بارے میں معلومات اکٹھا کرنے میں اعلی سطحی رازداری اور اخفاء کے لیے پرعزم ہے اور میونسپل فریڈم آف انفارمیشن اینڈ پروٹیکشن آف پرائیویسی ایکٹ (MFIPPA)میں بیان کردہ رازداری کے تمام تقاضوں پر عمل کرتا ہے۔ طلباء کی مردم شماری کے ذریعہ اکٹھا کردہ معلومات تعلیمی قانون (R.S.O. 1990, c. E. 2، حسب ترمیم) کے قانونی اختیار کے تحت صرف تعلیمی اور تحقیقی مقاصد کے لیے اکھٹا کیا جاتا ہے۔

یہ ضروری ہے کہ *طلباء کی مردم شماری تمام* طلباء کی آوازوں کی عکاسی کرے — ہمیں جتنے زیادہ جوابات موصول ہوں گے، پروگرامنگ اور تدریس سے متعلق معلومات پانے اور انہیں بہتر بنانے میں مدد کے لیے ڈیٹا اتنا ہی زیادہ مؤثر ہوگا۔ اگر آپ *طلباء کی مردم شماری* میں اپنے بچے کو شریک نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، مہربانی کرکے ذیل کے فارم کو پُر کریں اور 14 نومبر، 2018 سے قبل اپنے بچے کے سکول کو واپس کر دیں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو، براہ کرم اس خط کے پیچھے موجود حقائق نامہ کا جائزہ لیں۔ آپ www.peelschools.org/studentcensus پر بھی جا سکتے ہیں یا پیل بورڈ کے ریسرچ اینڈ اکاؤنٹیبلیٹی ڈپارٹمنٹ سے 905-890-1010 ایکسٹنشن 3523 پر یا studentcensus@peelsb.com پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہمیشہ کی طرح، ہم آپ کے مسلسل تعاون کے لیے آپ کے شکرگزار ہیں جس کے ذریعہ ہم ہر طالب علم کو کامیابی، اعتماد اور امید کی ترغیب دیتے ہیں۔

Peter Joshua (پیٹر جوشوا)
ڈائرکٹر آف ایجوکیشن

اس حصے کو **صرف** تبھی بھریں اگر **آپ نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ *طلباء کی مردم شماری* میں شرکت کرے۔ براہ کرم اس حصے کے پھاڑ لیں اور **14 نومبر، 2018 تک** اپنے بچے کے سکول کو واپس کردیں۔

میں **نہیں** چاہتا کہ میرا بچہ، ______________________________, *2018 طلباء کی مردم شماری* میں شرکت کرے۔
(طالب علم کا نام جلی حروف میں لکھیں)

والدین/سرپرست کا نام: ______________________ دستخط: ______________________

STUDENT CENSUS
Count Me In Peel

اکثر پوچھے گئے سوالات

پیل ڈسٹرکٹ بورڈ کے *طلباء کی مردم شماری* کا کیا مقصد ہے؟

مردم شماری کے نتائج سے بورڈ اور ہمارے سکولوں کو درج ذیل امور میں مدد ملے گی:

- طلباء کی آبادی اور سکول کمیونیٹیز کو بہتر طور پر سمجھنے میں
- طلباء کی کامیابی، شمولیت اور فلاح و بہبود کی رکاوٹوں کی شناخت کرنے اور انہیں ہٹانے میں
- مؤثر پروگرامز تیار کرنے اور وسائل کو ان مقامات پر منتقل کرنے میں جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے

***طلباء کی مردم شماری* میں کن اقسام کے سوالات شامل کیے گئے ہیں؟**

طلباء کی مردم شماری، طالب علم کی شناخت، خاندان کی خصوصیات، سکول کے تجربات اور طالب علم کی فلاح و بہبود سے متعلق تقریباً 30 کثیر انتخابی سوالات پر مشتمل ہے۔

کیا میرے بچے کو مردم شماری میں ہر سوال کا جواب دینے کی ضرورت ہے؟

طلباء کی مردم شماری رضاکارانہ ہے۔ اگر طلباء یا والدین/سرپرست حضرات جوابات نہیں دینا چاہتے تو وہ سوالات کو چھوڑ سکتے ہیں، یا وہ شرکت نہ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ البتہ، یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ اسے مکمل کرنے کی شرح جتنی زیادہ ہو گی، سکول کی اصلاح اور پروگرام کی منصوبہ بندی کے لیے اتنی ہی زیادہ اور قابل اعتبار معلومات حاصل ہوگی۔

کیا میں اپنے بچے کی شرکت سے قبل *طلباء کی مردم شماری* کی ایک کاپی دیکھ سکتا ہوں؟

مردم شماری کی ایک کاپی www.peelschools.org/studentcensus پر دستیاب ہے۔

میرے بچے کے جوابات کو کس طرح رازداری میں رکھا جائے گا؟

جب طلباء کو مردم شماری کا سوالنامہ تقسیم کیا جاتا ہے، تو اس میں طالب علم کے نام کی ایک پرچی ہوتی ہے۔ یہ واحد صفحہ ہے جس میں طالب علم کی شناخت ہوتی ہے۔ طلباء کو ہدایت دی جائے گی کہ وہ اپنی مکمل کردہ مردم شماری جمع کروانے سے قبل اس پرچی کو نکال دیں۔ مکمل کردہ سوالناموں میں کوئی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات نہیں ہوگی اور اسے طالب علم کے ذریعہ ایک لفافے میں بند کر دیا جائے گا۔ اگر طلباء کو کسی سوال کی وضاحت درکار ہوگی تو تدریسی عملہ مدد کے لیے دستیاب رہے گا، لیکن طالب علم کی رازداری کے تحفظ کے لیے وہ کسی جواب کو نہیں دیکھیں گے۔

مکمل شدہ سوالنامے—کسی قابل شناختی معلومات (جیسے نام یا طالب علم نمبر) کے بغیر— طالب علم کے ذریعہ ایک لفافے میں بند کر دیا جائے گا، اور ہر سکول کے ذریعہ ایک محفوظ، بیرونی کمپنی کو بھیجا جائے گا جس کے ساتھ پیل بورڈ نے جوابات کو اسکین اور اس پر کارروائی کرنے کے لیے معاہدہ کیا ہے۔ صرف پیل بورڈ کے تحقیقی عملہ کے ذریعہ تجزیہ اور تحقیق کے مقاصد کے لیے رازدارانہ ڈیٹا بیس تک رسائی کی جائے گی۔ یہ اقدامات میونسپل فریڈم آف انفارمیشن اینڈ پروٹیکشن آف پرائیویسی ایکٹ (MFIPPA) کے مطابق ہیں۔

رازدارانہ مردم شماری اور گمنام مردم شماری میں کیا فرق ہے؟

طلباء کی مردم شماری رازدارانہ ہے، لیکن یہ گمنام نہیں ہے۔ مردم شماری کے سوالناموں پر ایک منفرد کوڈ والا لیبل لگا ہے جو ہر طالب علم کے ID نمبر سے جڑا ہے۔ یہ منفرد کوڈ بورڈ کے ریسرچ ڈپارٹمنٹ میں جوابات کا تجزیہ کرنے ساتھ ہی پہلے سے اکٹھا کردہ دیگر ڈیٹا (جیسے پتہ، گھر پر بولی جانے والی زبان، گریڈز، وغیرہ) کا استعمال کرنے کی سہولت دیتا ہے، جس کے نتیجے میں پیل کے طلباء کی زیادہ جامع سمجھ حاصل ہو گی۔ طالب علم کے ذریعہ سوالنامہ بھرے جانے کے بعد اس پر کوئی ذاتی شناخت—جیسے طالب علم کا نام یا ID نمبر— نہیں ہوگا۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ طالب علم کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات بدستور راز میں رہیں۔

مردم شماری کے ڈیٹا کو کیسے استعمال کیا جائے گا؟

جوابات پر عمل کاری اور ان کا تجزیہ کرنے کے بعد، پیل بورڈ کا ریسرچ ڈپارٹمنٹ ، بورڈ اور اسکول کے فیصلہ سازوں کو، پروگراموں اور ہدایات کی تیاری میں مدد کے واسطے معلومات فراہم کرنے کے لیے رپورٹوں کاایک سلسلہ تیار کرے گا۔ خلاصہ ڈیٹا کا اشتراک کمیونٹی پارٹنرز اور سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ بھی کیا جائے گا تاکہ انہیں اپنی کمیونٹیز کی ضروریات کی بہتر طور پر تکمیل کے لیے خدمات کو بہتر بنانے میں مدد ملے۔ ڈیٹا کی رپورٹوں یا تجزیہ میں کبھی بھی کسی طالب علم کی شناخت نہیں ہوگی۔ قانون کے مطابق، پیل بورڈ مردم شماری مکمل کرنے والے کسی طالب علم/والدین کی انفرادی معلومات کا افشاء نہیں کر سکتا۔